Islamiate Elective - FA Part 1 Islamiat Elective Chapter 5 Short Questions Preparation

Q1. معاشرے میں رہنے سے انسان کیا فائدہ حاصل کرتا ہے؟

Ans 1: معاشرے میں رہنے سے انسان کی صلاحیتیں اجاگر ہوتی ہیں اور اس کی ضروریات کی تکمیل ہوتی ہے معاشرے کے بغیر تو محض اس کی بقاء بھی مشکل ہے.

Q2. معاشرہ قائم کرنے کا خیال انسان کو تاریخ کے کس مرحلہ ٰں سوجھا اور اس کا محرک کیا تھا؟

Ans 1: مل جل کر رہنا یعنی ،معاشرہ قائم کرنا،انسان کی فطرت میں ہے.لہٰذا شروع سے ہی انسان معاشرے کی صورت میں انسان زندگی بسر کر رہا ہے.

Q3. ریاست کے دو حقوق لکھیں.

Ans 1: 1.ریاست کا فرض ہے کہ اس کے باشدے وفادار ہوں.ریاستی مفاد کے خلاف کوئی کام نہ کریں. 2.ریاست کاحق ہے کہ اس کےباشندے ملک کی سرحدوں کی حفاظت میں اپنی طاقت کے مطابق کردار ادا کریں.

Q4. اسلامی معاشرے کی دو اہم ذمہ داریاں لکھیئے.

Ans 1: اسلامی معاشرے کی دو اہم ذمہ داریاں درج ذیل ہیں 1.امر بالمعروف ونہی عن المنکر 2.باہمی ہمدردی تعاون

Q5. رشتہ داروں سے حسن سلوک پر ایک آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ:کسی شخص کا کمال نہیں کہ وہ حسن سلوک کا جواب حسن سلوک سے دے بلکہ کمال یہ ہے کہ اس کے رشتہ دار اس سے بدسلوکی کریں تو وہ ان سے حسن سلوک سے پیش آئے.

Q6. رشتہ داروں کے دو حقوق کی وضاحت کریں.

Ans 1: 1.رشتہ داروں کا پہلا حق ان سے عمدہ سلوک ہے.اس میں ان سے اچھی گفتکو شامل ہے. 2.رشتہ داروں کا دوسرا حق یہ ہے کہ ان کی مالی امداد کی جائے.

Q7. ایک شہری کے دو فرائض لکھیں.

Ans 1: اسلام تہذیب میں قانون کو بنیادی اہمیت حاصل ہے،کیونکہ دنیا میں امن و امام اور عدل و انصاد کے قیام کے لیے قانون کی پا بندی تمام شہریوں پر بلا امتیاز لازم قرار دی گئی ہے.

Q8. اسلامی معاشرہ کی تعریف کریں.

Ans 1: اسلامی معاشرے سے مراد ایسا انسانی معاشرہ ہے جس میں مسلمانوں کی اکثریت ہو اور وہ اسلام کے فکری ،اخلاقی اور عملی اصول و قواعد کے مطابق زندگی گزراسکیں.

Q9. اسلامی ریاست سے کیامراد ہے؟

Ans 1: اسلامی ریاست کا مقصد اقامت دین ہے.یعنی اللہ اور رسول کے احکامات کے مطابق ریاست کو چلانا ہے.

Q10. ہندو معاشرے اور اسلامی معاشرے میں کیا فرق ہے؟

Ans 1: ہندو معاشرہ معاشرتی اونچ نیچ اور ذات پات کی بنیاد پر قائم ہے جبکہ اسلامی معاشرہ مساوات انسانی کا علمبردار ہے.